کله الله لا اله الا هو الحی القیوم الی قوله
العلی العظیم ثم آمن الرسول الی آخر السورة
ثم شهد الله انه لا اله الا هو الی قوله
ان الدین عند الله الاسلام فیقول
بعده و انا اشهد بما شهد الله
به واستودع الله هذه الشهادة وهی
لی عند الله ودیعة ثم یقول قل اللهم
مالك الملك الی قوله بغیر حساب ثم
یقول اللهم یا رحمن الدنیا و الاخرة

کہ پڑھے اس کی ہر رکعت میں سورہ اخلاص
چھ چھ مرتبہ اور قل اعوذ برب الفلق اور قل
اعوذ برب الناس ایک ایک دفعہ اس کے
بعد دو رکعتیں اوابین کی نیت سے ساتھ
استخارہ کے یعنے مطلق جو اولیا اللہ پڑھا
کرتے ہیں ہر روز اعمال شب و روز کے واسطے
شیخ محی الدین قدس سرہ فرماتے ہیں ہم نے
تجربہ کیا ہے تو اسمیں ہر سر بہتری پائی ہے اور
دعا استخارہ کی وہ ہی ہے جو پہلے گذری اور ہر
فرضوں کے بعد کہے استغفر اللہ العظیم الذی
لا الہ الا ہو الحی القیوم و اتوب الیہ اللہم انت
السلام و منک السلام والیک یرجع السلام
حینا ربنا بالسلام و ادخلنا دار السلام تبارکت ربنا
و تعالیت یا ذا الجلال والاکرام پھر الحمد سے کی
سورت پھر الہکم الہ واحد لا الہ الا ہو الرحمن
الرحیم پھر کہے اللہم انی اقدم الیک بین یدی
ذلک کلہ اللہ لا الہ الا ہو الحی القیوم
وہو العلی العظیم تک پھر آمن
الرسول آخر سورہ تک پھر شہد اللہ انہ
لا الہ الا ہو عند اللہ الاسلام تک پھر کہے وانا
اشہد بما شہد اللہ بہ استودع اللہ ہذہ الشہادۃ
وہی لی عند اللہ ودیعۃ پھر کہے قل
اللہم مالک الملک سے بغیر حساب تک
پھر کہے اللہم یا رحمن الدنیا
والاخرۃ

Marfat.com

درحیم ہمارحمانی انت ترحمنی فارحمنی برحمة
من عندك تغنینی بها عن رحمة من سواك
ثم الاخلاص والمعوذتین ثم یقول سبحان
الله ثلثاً وثلثین مرة والحمد لله ثلثاً و
ثلثین مرة والله اکبر اربعاً وثلثین
مرة ثم لا الٰه الا الله وحده لا شریك
له له الملك وله الحمد یحیی ویمیت بیده
الخیر وهو علی کل شی قدیر اللهم
لا مانع لما اعطیت ولا معطی لما منعت
ولا راد لما قضیت ولا ینفع ذا الجد
منك الجد ولا حول ولا قوة الا
بالله العلی العظیم ان الله وملائکته
الایه ثم یصلی علی النبی صلی الله علیه
واله وسلم ثم یدعو بما احب ثم
یختم سبحان ربك رب العزة عما
یصفون الایه ثم لا الٰه الا الله
عشر مرات هذا بعد کل فریضته
ویقول کل یوم بعد الصبح یا الله
یا واحد یا احد یا جواد انفحنی منك
بنفحة خیر انك علی کل ما تشاء
قدیر احد عشر مرة ویکون ابتداء
من یوم الخمیس بعد قرات الفاتحة لغوث
الثقلین قدس سره ومشایخ السلسلة من
السابقین والاحقین کما شرطه المشایخ ویقول
یا عزیز کل یوم بعد الصبح احدا وعشرین مرة ویا الٰه الا الله الرفیع

درحیم ہمارحمانی انت ترحمنی فارحمنی
برحمة من عندك تغنینی بها عن رحمة
من سواك ہر سورۂ اخلاص اور قل
اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس
پھر کہے سبحان الله تینتیس دفعہ اور الحمد
لله تینتیس دفعہ اور الله اکبر چونتیس دفعہ
لا الٰه الا الله وحده لا شریك له
له الملك وله الحمد یحیی ویمیت بیده
الخیر وهو علی کل شی قدیر۔ اللهم لا
مانع لما اعطیت ولا معطی لما منعت
ولا راد لما قضیت ولا ینفع ذا الجد منك
الجد ولا حول ولا قوة الا بالله العلی العظیم
ان الله وملائکته یصلون علی النبی الخ
آخر آیۃ تک پھر درود پڑھے آنحضرت صلی اللہ علیہ
والہ وسلم پر پھر دعا مانگے جو چاہے پھر کہے سبحان ربك
رب العزة عما یصفون ؛ آخر آیۃ تک پھر
لا الٰه الا الله دس مرتبہ یہ بعد ہر فرض نماز کے
اور ہر روز بعد صبح کی نماز کے کہے یا الله یا احد
یا احد یا جواد انفحنی منك بنفحة خیر انت علی کل
ما تشاء قدیر ؛ گیارہ دفعہ اور
اسکو شروع کرے پنجشنبہ سے اسطور کہ پہلے حضرت
غوث الثقلین قدس سرہ اور سب مشائخ سلسلہ کے
پہلے پہلے سبکی فاتحہ دے جیسے اس کو شرط کیا ہے
مشائخ نے اور کہے یا عزیز ہر روز بعد صبح
کے اکتالیس مرتبہ اور یا الٰه الا الله الرفیع

Marfat.com

خمسة عشر مرة ويا قيوم فلا يفوت
شيء من علمه ولا يؤده وعشرين مرة و
ان وسع الوقت قال سبحان وبحمده ؛
سبحان الله العظيم مائة مرة ويصوم ثلثة ايام
من كل شهر ومن زاده زاده الله فان وجد
من نفسه قوة فليصم من شوال ستا من
ذي الحجة التسع الاول وشيخنا
الامام كان يامر اصحابه باحياء
هذه الليالي العشر بقراءة القرآن كل
ليلة عشرة اجزاء بالمدارسة ففي
كل ثلاث ليال ختمة وليلة العيد
ختمة كاملة بالتقسيم هذا ومن
الايام الفاضلة يوم عاشورا ويوم
النصف من شعبان وورد في الفضائل
رجب احاديث باسانيد ضعيفة لا بأس
بالعمل بها فان وجد من نفسه قوة فليعمل
بها رجاء فضل الله تعالى ومنها
صوم اول رجب كفارة ثلاث سنين
والثاني كفارة سنتين والثالث كفارة
سنة ثم كل يوم شهرا ومنها في
رجب يوم وليلة من صام ذلك
اليوم وقام تلك الليلة كان كمن صام
الدهر مائة سنة ؛ ؛ ؛

فهو لثلاث بقين من رجب
ومنها من صام سبعة ايام غلقت
عنه سبعة ابواب جهنم ومن
صام ثمانية ايام فتحت له ثمانية
ابواب الجنة ومن وجد قوة
من نفسه فقد ورد افضل الصيام
صوم اخي داؤد كان يصوم
يوما ويفطر يوما ولا يضر اذا
لاقى رواه الترمذي وغيره عن
ابن عمر لشيخ سعيد الكوكني وقال
الشيخ حسن العجمي المكي وعند
الاستطاعة يزيد على ما ذكر
قرأة سورة الاخلاص الف
مرة والصلوة على النبي صلى
الله عليه وآله وسلم الف مرة
ويقول في كل يوم الف مرة
لا اله الا الله وحده لا شريك له
له الملك وله الحمد وهو على كل شيء
قدير وان يقول في صبح كل يوم الف مرة
سبحان الله وبحمده انتهى — اما طريقه
نقشبنديه را شعب بسيار است در ديار هندوستان
از دو جهت شائع شده است يكے جهت
خواجه محمد باقي و ديگر جهت امير ابو العلى و در ديار
ماوراء النهر از جهت مخدوم اعظم مولانا خواجگي
شائع است و اشهر شعب آن بحسب رسائل تصوف

برس روزے رکھے پس وہ واسطے تیسرے
کے ہے اور بعض اُنمین سے یہ ہے کہ جو سات
روزے رکھے اوسپر سات دروازہ دوزخ
کے بند ہوتے ہین اور جو آٹھ روزہ رکھے
آٹھون دروازہ جنت کے اوسکے واسطے
کھلجائین گے اور جو اپنے نفس مین قوت
پائے تو حدیث شریف مین آیا ہے افضل
روزہ میرے بھائی داؤد پیغمبر کا ہے کہ
وہ ایک دن روزہ رکھتے تھے اور ایک
روز افطار کرتے تھے اسکو روایت کیا
ترمذی وغیرہ نے واسطے شیخ سعید کوکنی
کے اور کہا شیخ حسن عجمی مکی نے اور مقدور ہو
تو زیادہ کرے اسپر سورہ اخلاص ایک ہزار
مرتبہ پڑھے اور ہزار بار درود پڑھے اور
ہر روز ہزار بار پڑھے لا الٰہ الا اللہ
وحدہ لا شریک لہ لہ الملک ولہ الحمد
وھو علی کل شیء قدیر اور ہر روز صبحکو
پڑھے ایک ہزار بار سبحان اللہ وبحمدہ - انتہی
لیکن طریقہ نقشبندیہ کے بہت شعبہ ہین
ملک ہندوستان مین دو جہت سے شائع
ہین ایک تو خواجہ محمد باقی کی جہت سے
اور دوسرا امیر ابو العلی کی جہت سے اور ملک
ماوراء النہر مین مخدوم اعظم مولانا خواجگی کے
جہت سے مشہور ہے اور اُن سب مین بہت
مشہور بموجب تصوف کے رسالون کے

دیگر طریقہ نقشبندیہ

وبیان اشغال قوم شعبہ جامیہ ست وباز
جہت خواجہ محمد باقی را شعب بسیار است
اشہر آنہا دو شعبہ ست شعبہ شیخ محمد معصوم
وشعبہ شیخ آدم بنوری وہریکے ازین دو اشغال
دارد غیر اشغال این طریقہ واین فقیر را ہر
یکے ازین شعبہا ارتباط صحیح واقع شدہ است
پس ارتباط این فقیر از جہت بیعت وصحبت
وتلقین اشغال واجازت وخرقہ باوالد
خود ہست شیخ عبد الرحیم قدس سرہ
وحضرت ایشان را باچہار کس از مشائخ
این طریق ارتباط واقع است نخست باید عبد اللہ
رومی بامیر ابو القاسم اکبر آبادی سیوم باخواجہ خورد
ولد خواجہ محمد باقی چہارم بامیر نور العلی خلف میر ابو العلی
فالسید وعبد اللہ عن الشیخ آدم البنوری
عن الشیخ احمد السہرندی عن خواجہ محمد
باقی وخواجہ خورد عن الشیخ احمد السہرندی
وعن خواجہ حسام الدین وشیخ الہداد
کلہم عن خواجہ محمد باقی بالسند المذکور
فی سلسلۃ الصحبۃ ومیر ابو القاسم الاکبر
آبادی الملقب بخلیفہ عن ملا ولی محمد
الاکبر آبادی عن الامیر ابو العلی عن عمہ الامیر
عبد اللہ عن خالہ خواجہ عبد الحی عن خواجہ
یحیی عن ابیہ خواجہ عبید اللہ الاحراری واز میر نور العلی
خرقہ بلیشان رسید عن اللہ الامیر ابو العلی الاکبر آبادی وایشان
اشغال طریقہ احمدیہ را از ملا محمد دلیل گیانی

اور اشغال قوم کے بیان کے شعبہ جامیہ ہے اور پھر
خواجہ محمد باقی کی جہت سے بہت شعبے ہیں اونمیں
دو شعبے بہت مشہور ہیں ایک شعبہ شیخ محمد معصوم
کا اور ایک شعبہ شیخ آدم بنوری کا اور ان دونوں
سے شغل ہیں سوائے اشغال طریقہ کے اور اس فقیر کو
ان سب شعبوں سے ارتباط صحیح واقع ہے پس ارتباط
اس فقیر کو جہت صحبت وبیعت وتلقین اشغال و
اجازت وخرقہ سے اپنے والد شیخ عبد الرحیم
قدس سرہ سے ہے اور اونکو چار شیخ سے اس
طریقہ سے ارتباط واقع ہے۔ پہلے سید عبد اللہ سے
دوسرے امیر ابو القاسم اکبر آبادی سے تیسرے خواجہ خورد ولد
خواجہ محمد باقی سے چوتھے امیر نور العلی خلف امیر
ابو العلی سے تو سید عبد اللہ کو شیخ آدم بنوری
سے اونکو شیخ احمد سہرندی سے اونکو خواجہ
محمد باقی سے اور خواجہ خورد کو شیخ احمد سہرندی
سے اور خواجہ حسام الدین سے اور شیخ
الہداد اور ان سبکو خواجہ محمد باقی سے
اوسی سند سے جو مذکور ہو چکی ہے سلسلہ صحبت
میں اور میر ابو القاسم اکبر آبادی الملقب بخلیفہ کو
ملا ولی محمد اکبر آبادی سے اونکو امیر ابو العلی سے
اونکو اپنے چچا امیر عبد اللہ سے اونکو اپنے
ماموں خواجہ عبد الحی سے اونکو خواجہ یحیی سے
اور اونکو اپنے والد خواجہ عبید اللہ احرار سے اور
امیر نور العلی سے انکو خرقہ پہنچا اونکو اپنے والد امیر ابو العلی
اکبر آبادی سے اور اس فقر نے اشغال طریقہ احمدیہ کو ملا محمد دلیل گیانی سے

Marfat.com

اخذ کردہ عن شیخہ میر موسے بخلی کوٹی عن
الشیخ محمد معصوم عن ابیہ الشیخ احمد
السرہندی واین فقیر را خرقہ نقشبندیہ
از شیخ ابو طاہر مدنی رسیدہ وایشان را از
سہ کس والد بزرگوار ایشان شیخ
ابراہیم کردی وشیخ احمد نخلی وشیخ
عبد اللہ بصری مکی وشیخ ابراہیم را ارتباط
باشیخ احمد قشاشی ہست ازجہت تلقین وخرقہ
عن ابی المواہب احمد الشناوی عن الشیخ
محمد بن محمد بن عبد الرحمن التہنیسی عن
مولانا محمد امین ابن اخت ملا جامی عن
مولانا غیاث الدین احمد عن مولانا علاؤ الدین
محمد عن مولانا عبد الرحمن الجامی عن مولانا
سعد الدین ابن کاشغری عن مولانا نظام الدین
خاموش عن خواجہ علاؤ الدین العطار
عن خواجہ بہاؤ الدین نقشبند وشیخ احمد
نخلی اشغال این طریقہ اخذ کردہ از سید میر کلال البلخی
عن ملا محمد عرب البلخی عن ملا اکۃ الشیرغانی
عن ملا خورد عزیزان عن مخدومی
الاعظم ملا خواجگی عن مولانا محمد
قاضی عن خواجہ عبید اللہ الاحرار
والشیخ عبد اللہ البصری لبس
الخرقہ عن ید الشیخ عبد اللہ
باقشیر المکی عن الشیخ تاج الدین
السنبھلی نزیل مکہ عن خواجہ محمد

حاصل کیا انہوں نے اپنے شیخ میر موسے بخلی کوٹی
سے اور انہوں نے شیخ محمد معصوم سے اور انہوں نے اپنے
والد شیخ احمد سرہندی سے اور اس فقیر کو خرقہ نقشبندیہ حاصل
شیخ ابو طاہر مدنی سے اور انکو تین شایخوں سے
اپنے والد بزرگوار شیخ ابراہیم کردی سے اور
شیخ احمد نخلی سے اور شیخ عبد اللہ بصری مکی
سے اور شیخ ابراہیم کو ارتباط ہے شیخ احمد
قشاشی سے جہت سے تلقین وخرقہ کے ابو
المواہب شیخ احمد شناوی سے انکو شیخ محمد
بن محمد بن عبد الرحمن تہنیسی سے انکو مولانا
محمد امین ملا جامی کے بہانجے سے انکو مولانا شیخ
غیاث الدین احمد سے انکو مولانا علاؤ الدین
محمد سے انکو مولانا عبد الرحمن جامی سے
ان کو مولانا سعد الدین کاشغری سے انکو
مولانا نظام الدین خاموش سے انکو خواجہ
علاؤ الدین عطار سے انکو خواجہ بہاء الدین
نقشبند سے اور شیخ احمد نخلی نے اشغال اس
طریق کے حاصل کئے سید میر کلال بلخی سے
انہوں نے ملا اکہ شیرغانی سے انہوں نے ملا
خورد عزیزان سے انہوں نے مخدومی الاعظم
ملا خواجگی سے انہوں نے مولانا محمد قاضی
سے انہوں نے خواجہ عبید اللہ احرار سے
اور شیخ عبد اللہ بصری نے خرقہ پہنا ہا تھا
سے شیخ عبد اللہ باقشیر مکی کے انکو پہنایا
تاج الدین سنبھلی نزیل مکہ نے ان کو خواجہ

Marfat.com

خواجه محمد باقی بسنده المذکور ثم الخواجه
نقشبند اخذ عن روح خواجه عبد الخالق
الغجدوانی وعن خواجه محمد بابا السماسی
وعن خلیفة الامیر سید کلال وخواجه
محمد بابا السماسی عن خواجه عزیزان مثل
ما ذکرنا فی السلسلة الصحبة الا ان
ههنا نکتة اخری ننبه علیها فان الشیخ
ابو علی الفارمدی اخذ ایضا عن خواجه
ابی الحسن الخرقانی عن الشیخ ابی یزید
البسطامی من طریق الباطن لا من طریق
الظاهر فان وفات الشیخ ابی یزید
قبل ولادة خواجه ابی الحسن بمدت
مدیدة والشیخ ابو یزید عن سیدنا
الامام جعفر الصادق من طریق
الباطن لا الظاهر لان ولادة الشیخ
ابی یزید بعد وفات الامام جعفر
الصادق بمدة مدیدة والامام جعفر
الصادق اخذ من جهتین الاولی جهة
آبائه رضی الله عنهم وقد ذکرناه والثانیة
انه اخذ الطریقة عن ابی القاسم
بن محمد بن ابی بکر الصدیق والقاسم
اخذها عن سلمان الفارسی عن سیدنا
ابی بکر الصدیق عن النبی صلی الله
علیه وآله وسلم قلت واخذ القاسم
عن سلمان لا یمکن ان یکون الا

محمد باقی نے اسی سند مذکور سے پھر خواجہ
نقشبند نے حاصل کی خواجہ عبد الخالق غجدوانی
کی روح سے اور خواجہ محمد بابا سماسی اور خلیفہ
امیر سید کلال سے اور خواجہ محمد بابا سماسی
نے خواجہ عزیزان سے جیسا ہمنے سلسلہ صحبت
مین ذکر کیا ہے۔ مگر یہان ایک اور نکتہ ہے
اوس سے آگاہ ہو پس شیخ ابو علی فارمدی
نے بھی حاصل کیا ہے خواجہ ابو الحسن خرقانی
سے اونہون نے شیخ ابو یزید بسطامی سے
باطن کے طور پر ظاہر کے طور پر نہین کیونکہ ولادت
شیخ ابو یزید کی خواجہ ابو الحسن کی ولادت
سے بہت مدت پہلے ہوئی ہے اور شیخ
ابو یزید نے سیدنا امام جعفر صادق سے
باطن کے طریق سے ظاہر کی طریق سے نہین
اسواسطے کہ ولادت شیخ ابو یزید کے بہت
مدت کے بعد ہوئی ہے وفات امام جعفر
صادق سے اور امام جعفر صادق نے
حاصل کیا دو طریق سے ایک تو اپنے آبا
رضی اللہ عنہم کے طریق سے اور وہ ہم ذکر
کر چکے ہین اور دوسرے اپنے نانا قاسم
بن محمد بن ابو بکر صدیق سے اور قاسم نے
حاصل کیا سلمان فارسی سے اور انہون نے
سیدنا ابو بکر صدیق سے اونہون نے نبی صلی
اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مین کہتا ہون قاسم
کا سلمان سے حاصل کرنا ممکن نہین مگر باطن کے

Marfat.com

من جهة الباطن يظهر ذلك من تتبع اسماء
الرجال والله اعلم والحسن البصري ينسب
الى سيدنا علي رضي الله تعالى عنهم عند
اهل السلوك قاطبة وان كان اهل
الحديث لا يثبتون ذلك وقد
انتصر الشيخ احمد القشاشي لاهل
السلوك الكلام واف وشاف في
الكتاب العقد الفريد في سلاسل اهل
التوحيد والله اعلم - باید دانست که
که گگیانی بفتح کاف فارسیه اول و تشدید دوم
نسبت به قبیله از افاغنه که میان دوآبه پشاور
سکونت دارند و با قوم یوسف زئی بنو اعمام
می شوند بٹی کوٹ بتائین هندیتین قریته
من مضافات جلال آباد و جلال آباد بلده
بین کابل و پشاور بهنسی بفتح موحده والنون
و مهمله نسبه بهنسا بالقصر بلده بصعید مصر
الادنی ـــــ ملا اکه بفتح الالف و
تشدید الکاف العربیه و هاے فارسیه
ابن یمین تخلص مے کند - و او را دیوانے
است مشهور ـــــ چپرغان بجیم فارسیه
مضمومه و باء موحده مضمومه و راء مهمله ساکنه
و غین معجمه بلده است بر دو مرحله از بلخ -
شیرغان تعریب اوست و معنی چپرغان
بلفظ ترکی چیزیکه یکے بعد دیگری در طول مانند
قطار بوده باشد عزیزان لفظ تعظیم مثل

جہت سے یہ بات ظاہر ہوتی ہے اسماء الرجال
کے تتبع سے واللہ اعلم - اور حسن بصری نسبت
کی گئی ہے سیدنا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہم
سے اہل سلوک کے نزدیک یقیناً اگرچہ
اہل حدیث اسے ثابت نہین کرتے اور
تحقیق بہت تائید کی ہے شیخ احمد قشاشی
نے اہل سلوک کے کلام وافی و شافی سے
اپنی کتاب عقد الفرید فی سلاسل اہل التوحید
مین واللہ اعلم جاننا چاہیے کہ گگیانی بفتح
کاف فارسیہ اول و تشدید دوم یا نسبت
کی ہے قبیلہ افغانون مین سے ہے جو پشاور
کے دوابہ مین رہتے ہین اور قوم یوسف زئی
کے چچازادون مین ہین بٹی کوٹ دونون تا
ہندیہ ایک گانون ہے توابع جلال آباد سے
اور جلال آباد ایک شہر ہے درمیان کابل
اور پشاور کے بھنسی بفتح موحدہ والنون اور
سین مہملہ بالقصر اور یا نسبت کی ایک شہر ہے صعید مصر
ادنی مین ملا اکہ بفتح الف و تشدید کاف عربی
و ہای فارسی ابن یمین تخلص کرتے ہین اور اونکا
دیوان مشہور ہے چپرغان بجیم فارسی مضمومہ
اور باء موحدہ اور راء مہملہ ساکن اور غین معجمہ
ایک شہر ہے بلخ سے دو منزل شیرغان اسکی
تعریف ہے اور چپرغان لفظ ترکی مین اوسے
کہتے ہین جو چیز ایک بعد ایک کے ہو طول
مین مانند قطار کی عزیزان لفظ تعظیم ہے جیسے

Marfat.com

ومیراں وسیدی وغیرآں وباقیشر با بلفظ یمن
حرف نسبت است کہ اول کلمہ می آید مانند
یار نسبت کہ در آخر کلمہ می آید سنبھل بیائے
ہندیہ کہ اشتمام ہا وار دبلدہ است وراء
نہر جمنا و گنگا نزدیک جبال شرقی دار الخلافہ
کاتب حروف گوید کہ حضرت والد قدس سرہ
می فرمودند کہ چون حضرت خلیفہ ابو القاسم
مرا اجازت دادند فرمودند کہ در طریقہ ما مثال
نمی باشد وصایا نمی نویسند عمدہ در طریق ما
کتاب فقرات ست آنرا از مشایخ خود عنعن
اخذ کردہ ایم و مشایخ ما بحفظ و عمل بآن وصیت
میکردند شما آنرا از نسخہ من بنویسید پس
حضرت ایشان آنرا استنساخ کردند و اجازت
حضرت ایشان این فقیر را شامل شد کتاب
فقرات را و بعض مواضع اشکال دران
کتاب از حضرت ایشان استفسار نمودم
و اشغال آنرا از حضرت ایشان بوجہ نیک
تلقی نمودم و الحمد للہ کاتب حروف گوید کہ شیخ
تاج الدین سنبھلی خلیفہ حضرت خواجہ محمد باقی
در باب اشغال نقشبندیہ سالہ دارند مختصر الدبر گوار
آنرا بغایت می پسندند و آنرا بخط خود از نزدیک
بعض اصحاب شیخ تاج الدین انتساخ کردہ بودند
و طالبانرا بہمان اسلوب ارشاد می فرمودند این
فقیر آنرا پیش حضرت ایشان بختاور ایہ
خواندہ است

میراں وسیدی وغیرہ کے باقیشر بالفظ
یمن میں حرف نسبت کا ہے کہ کلمہ کے اول آتا ہے
جیسے یار نسبت کی آخر میں آتی ہے سنبھل یائے
ہندیہ کہ ہائے شامل ایک شہر ہے گنگا جمنا کے
اوسطرف قریب جبال شرقی دار الخلافہ کے
کاتب حروف کہتا ہے کہ جب حضرت خلیفہ
ابو القاسم نے مجھے اجازت دی فرمایا کہ
ہمارے طریقہ میں فرمان نہیں ہوتا اور
وصیتیں نہیں لکھتے ہمارے طریق میں
عمدہ کتاب فقرات ہے وہ ہمنے بھی مشایخ
سے بطریق عنعن کے حاصل کی ہے اور ہمارے
مشایخ اوسکے حفظ اور عمل کرنے پر وصیت
کرتے آئے ہیں تم وہ میری کتاب سے نقل کرلو
پس حضرت والد نے وہ نقل کرلی اور اون کی
اجازت اس فقیر کو ہوئی اور اوسمیں بعض مقام
مشکل اس فقیر نے اونسے دریافت کئے اور
اوسکے اشغال بہت اچھی طرح سیکھ لئے واللہ
کاتب حروف کہتا ہے کہ شیخ تاج الدین سنبھلی
خلیفہ حضرت خواجہ محمد باقی کا ایک رسالہ ہے
مختصر اشغال نقشبندیہ ہیں والد بزرگوار
اوسکو بہت پسند فرماتے تھے اور اوسے شیخ
تاج الدین کے بعض اصحاب سے لیکر اپنے
ہاتھ سے نقل کیا تھا اور اوسیطور طالبوں کو
ارشاد فرماتے تھے اس فقیر نے وہ رسالہ
اون سے بختاور ایہ پڑھا ہے۔

Marfat.com

خواستم کہ آنرا بعینہ نقل کنم و باللہ التوفیق

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العلمین والصلوۃ والسلام علی سیدنا محمد وعلی الہ وصحبہ اجمعین اعلم وفقک اللہ تعالی ان معتقد السادۃ النقشبندیۃ قدس اللہ تعالی اسرارھم ھو معتقد اھل السنۃ والجماعۃ وطریقتھم دوام العبودیۃ التی لاتتصور بغیر اداء العبادۃ وھی عبارۃ عن دوام مع الحق سبحانہ بلا مزاحمۃ شعور بالغیر مع الذھول عن صفۃ الحضور بوجود الحق سبحانہ ولا یحصل ھذہ السعادۃ العظمی بغیر تصرف الجذبۃ الالھیۃ ولا سبب فی طریق الجذبۃ اقوی من صحبۃ الشیخ الذی سلوکہ بطریق الجذبۃ قال الشیخ ابو علی الدقاق قدس اللہ سرہ الشجرۃ التی تنبت بنفسھا لا ثمر لھا وان کان لھا ثمر یکون بغیر لذۃ وسنۃ اللہ تعالی جاریۃ علی انہ لابد من السبب فکما ان التوالد والتناسل الصوری لا یحصل بغیر الوالد والوالدۃ کذلک التوالد المعنوی حصولہ بغیر المرشد متعذر قال فی رسالۃ المکیۃ من لاشیخ لہ فالشیطان شیخہ ھذا الطریقۃ العلیۃ النقشبندیۃ اخذھا

میں نے چاہا کہ اوسکو بعینہ نقل کردوں اور توفیق اللہ کی طرف سے ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم والحمد للہ رب العلمین والصلوٰۃ والسلام علی سیدنا محمد وعلی آلہ وصحبہ اجمعین ۔ جان تو تجھکو توفیق عطا کرے اللہ تعالے کہ عقیدہ حضرات نقشبندیہ قدس اللہ اسرارہم کا وہ ہی ہے جو عقیدہ اہل سنت وجماعت کا ہے اور طریقہ ہے دوام عبودیت کا جو بغیر آداے عبادت کے متصور نہیں اور وہ عبارت ہے اس سے کہ ہمیشہ مع الحق ہو سبحانہ تعالی کہ شعور بالغیر اوس کے مزاحم نہو ساتھ فراموشی کے صفت حضور بوجود الحق کے سبحانہ تعالی ۔ اور یہ سعادت عظمی بغیر جذبہ الٰہی کے نہیں حاصل ہو سکتی اور طریق جذبہ میں کوئی بہت قوی سبب نہیں سواے صحبت ایسے شخص کے جسکا سلوک بطریق جذبہ کے ہو شیخ ابو علی دقاق قدس سرہ نے کہا ہے کہ جو درخت خود بخود اوگتا ہے اوسکا ثمر نہیں ہوتا اور جو اوسمیں پھل لگا بھی تو اوس میں لذت نہیں ہوتی اور سنت الٰہی جاری ہے اسپر کہ کوئی سبب ہو تو جیسے ظاہری توالد وتناسل بے ماں اور باپ کے نہیں حاصل ہوتا اسی طرح توالد معنوی کا حاصل ہونا بغیر مرشد کے مشکل ہے رسالہ مکیہ میں لکھا ہے من لاشیخ لہ فالشیطان شیخہ یعنے جسکا کوئی مرشد نہیں اوس کا شیطان پیر ہے اور اس طریقہ علیہ نقشبندیہ کو حاصل

Marfat.com

العقبة الفقير في النقصان والعاجز
في معرفة الرحمن تاج الدين السنبهلي
عن مهدي الزمان الخواجه محمد الباقي
وهو اخذها عن المولى خواجگي امكنگي
وهو اخذها عن المولى درويش محمد
وهو عن المولى محمد زاهد وهو عن الغوث
الاعظم الخواجه عبيد الله ....
احرار وهو عن الشيخ الشيوخ يعقوب
الچرخي وهو من حضرة الخواجه الكبير الخواجه
بهاء الحق والدين المعروف بنقشبند وهو عن
السيد كلال وهو عن الخواجه محمد بابا السماسي
وهو عن حضرة العزيزان الخواجه علي الرامتني
وهو عن الخواجه محمود الخير الفغنوي وهو عن
الخواجه عارف الريوگري وهو عن الخواجه عبد الخالق
الغجدواني وهو عن الشيخ يوسف بن يعقوب
بن ايوب الهمداني وهو عن ابي علي الفارمدي
وهو من ابي الحسن الخرقاني فالشيخ ابو علي له نسبة
الجذبة والصحبة والاستفاضة بالشيخ
ابي القاسم الگرگاني ايضا وحيث عند
المحققين ان الشيوخ ثلاثة شيخ الخرقة و
شيخ الذكر وشيخ الصحبة وشيخ الصحبة
اتم واكمل في الارتباط وهو الشيخ الحقيقي
لاجرم اوردنا نسبة الشيخ ابي القاسم الذي
انتهى بها السلوك للشيخ ابي علي وبين الشيخ
ابي القاسم ابي الامام علي بن موسى الرضا

کیا ہے اس ایسے فقیر نے جو نقصان مین کامل
ہے اور معرفت رحمن مین عاجز ہے تاج الدین
سنبھلی کہ ..... حاصل کیا ہے مہدی زمان
خواجہ محمد باقی سے اور اون نے ملا خواجگی
امکنگی سے اونہون نے ملا درویش محمد سے
اور انہون نے ملا محمد زاہد سے انہون نے غوث الاعظم
خواجہ عبید اللہ احرار سے انہون نے شیخ الشیوخ
یعقوب چرخی سے انہون نے حضرت خواجہ
کبیر خواجہ بہاؤ الحق والدین معروف بہ نقشبند سے
اونہون نے سید کلال سے اونہون نے خواجہ
محمد بابا سماسی سے اونہون نے حضرت عزیزان
سے اونہون نے خواجہ علی رامتنی سے انہون نے
خواجہ محمود خیر فغنوی سے انہون نے خواجہ عارف
ریوگری سے انہون نے خواجہ عبد الخالق غجدوانی
سے انہون نے شیخ یوسف بن یعقوب بن ایوب ہمدانی
سے اونہون نے ابو علی فارمدی سے انہون نے
ابو الحسن خرقانی سے اور شیخ ابو علی کو نسبت
جذبہ وصحبت اور استفاضہ کے ہے شیخ ابو القاسم
گرگانی سے بھی اور اس سبب سے محققین کے نزدیک
شیخ تین ہوتے ہین ایک شیخ خرقہ اور ایک
شیخ ذکر اور ایک شیخ صحبت اور شیخ صحبت ارتباط
مین اکمل اور اتم ہے اور وہ ہی شیخ حقیقی ہے ہمنے
ذکر کیا اسی وجہ ضروری سے شیخ ابو القاسم کو
کہ وہان جا کر سلوک تمام ہوا شیخ ابو علی کا اور
شیخ ابو القاسم سے امام علی بن موسی رضا تک

(اقسام شیوخ)

Marfat.com

وسائط شیخ ابو عثمان المغربی و ابو علی
الکاتب و ابو علی الرودباری و سید الطائفة
الجنید بغدادی و السری السقطی و معروف
الکرخی رضی اللہ تعالیٰ عنہم و المعروف قدس
سرہ نسبۃ اخری یتصل بہا ابی داؤد الطائی
من حبیب العجمی عن الحسن البصری قدس اللہ
اسرارہم و نسبۃ معروف الی باب مدینۃ العلم
معروف و مشہور بہما الان ارجع الی
الکلام فاعلم ان الشیخ ابا الحسن الخرقانی اخذ
عن روحانیۃ ابی یزید البسطامی و نسبۃ اویس
قدس اللہ سرہ من منبع الانوار علیہ افضل
الصلوٰۃ و اکمل التحیات و ہکذا نسبۃ
سلطان العارفین الی روحانیۃ جعفر
الصادق و المعروف من خدمۃ و صحبۃ غیر
صحیح و الامام جعفر الصادق مع وجود
انوار وراثۃ اباۂ الکرام یتصل بجدہ
لامہ القاسم بن محمد بن ابی بکر الصدیق
رضی اللہ تعالیٰ عنہم و ہو من فقہاء السبعۃ
فی التابعین کان من اکمل فی علم الظاہر و
الباطن و ہو منسوب الی سلمان الفارسی
رضی اللہ تعالیٰ عنہ و سلمان مع تشرفہ بصحبۃ
النبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم اخذ الطریق
..... عن الصدیق رضی اللہ تعالیٰ
عنہ و ہو عن النبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم
و الطریق الاخری للامام جعفر ابا عن جد

درمیان مین واسطے ہین شیخ ابو عثمان مغربی
..... اور ابو علی کاتب اور ابو علی رودباری اور
سید الطائفہ جنید بغدادی اور سری سقطی و معروف کرخی
رضی اللہ تعالیٰ عنہم اور معروف کرخی قدس اللہ سرہ کو
ایک اور نسبت ہے جو ابو داؤد طائی کو جا ملتی
ہے حبیب عجمی سے اونکو حسن بصری سے قدس اللہ
اسرارہم اور معروف کرخی کی نسبت حضرت باب مدینہ
علم یعنی علی تک معروف و مشہور ہے اور اب میں
رجوع ہوتا ہون آغاز کلام سے +
پس جاننا چاہیئے کہ شیخ ابو الحسن خرقانی نے
حاصل کیا ابو یزید بسطامی کی روح سے جسے حضرت
اویس قدس اللہ سرہ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ
آلہ وسلم سے اور اسی طرح سلطان العارفین کی نسبت
ہے روحانیت امام جعفر صادق سے اور وہ جو مشہور
خدمت و صحبت ہے وہ صحیح نہین ہے اور امام جعفر
صادق نے باوجود اپنے آبا کی وراثت کے انوار
کے اپنے نانا قاسم بن محمد بن ابو بکر صدیق رضی اللہ
عنہم سے حاصل کیا اور سابعین فقہا سے ہین و
تابعین مین علم ظاہر اور علم باطن دونون مین کامل اور
انکو نسبت ہے سلمان فارسی سے رضی اللہ تعالیٰ
عنہ اور سلمان رضی اللہ عنہ کو باوجود شرف صحبت
نبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے نسبت طریقہ ہے حضرت
صدیق رضی اللہ عنہ سے اور اونکو نبی صلی اللہ علیہ و
آلہ وسلم سے اور دوسرا طریقہ امام جعفر کو باپ دادا
سے وہ مشہور ہے در وازہ شہر علم یعنی حضرت

Marfat.com

الی باب مدینۃ العلم معروفۃ +

فصل

طریق الوصول الی اللہ تعالی علی طریق السادۃ النقشبندیۃ اما الطریق الاول الذکر بمحض الصحبۃ او بالذکر او بالمراقبۃ وطریق ذکر ھذہ السلسلۃ ان تذکر الکلمۃ الطیبۃ اعنی لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ یحبس النفس ویراعی العدد الوتر واذا جاوز فی العدد الحد عشرین مرۃ ولم یظھر للذکر اثر فھذا دلیل علی عدم قبولہ فتشرع فی ابتداء الذکر من اصلہ واثر الذکر ھو انک فی زمان النفی منتفی عنک وجود البشریۃ وفی الاثبات یظھر فیک اثر من اثار تصرفات الجذبات الالھیۃ والاثر متفاوت بحسب الاستعداد فبعضھم اول ما تحصل لہ الغیبۃ عما سوی الحق وبعضھم اول ما تحصل لہ السکر والغیبۃ وبعد ذلک یتحقق لہ وجود العدم وبعدہ یتشرف بالفناء کما قال الشیخ عبداللہ الانصاری فی تفسیر ھذہ الآیۃ واذکر ربک اذا نسیت اذا نسیت غیرہ فنسیت ذکرک فنسیت فی ذکر الحق ایاک اکمل ذکرک

علی رضی اللہ تعالی عنہ تک +

فصل

طریق رسول الی اللہ بطور حضرات نقشبندیہ کے یا فقط صحبت سے ہے یا ذکر سے یا مراقبہ سے اور طریق ذکر اس سلسلہ کا یوں ہے کہ ذکر کرے کلمہ طیبہ کا یعنی لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ حبس نفس سے۔ اور گنتی میں طاق عدد کی رعایت رکھے اور جب ذکر اکیس مرتبہ سے گذر جائے اور اوسکا کچھ اثر ظاہر نہو تو یہ دلیل ہے اوس کے قبول نہونے کے پھر نئے سرے سے ذکر شروع کرے اور ذکر کا اثر یہ ہے کہ جب کہے لا الہ الا اللہ تو وجود بشریہ کی نفی ہو جائے اور جب کہے الا اللہ تو ظاہر ہوں آثار تصرفات جذبہ الٰہیہ کے اور اثر اپنی اپنی استعداد کے موافق ظاہر ہوتا ہے بعضے ایسے ہوتے ہیں کہ اونکو پہلے غیبت ماسوائے حق سے حاصل ہوتی ہے اور بعضے ایسے ہوتے ہیں کہ اونکو پہلے سکر اور غیبت اور اوس کے بعد عدم کا وجود ثابت ہوتا ہے اور اوسکے بعد فنا جیسے شیخ عبداللہ انصاری نے اس آیۃ کی تفسیر میں کہا ہے کہ واذکر ربک اذا نسیت کہ جب بھولجائے تو ماسوائے حق کے پھر یاد آجائے تو اپنے ذکر کو پھر بھلا دے تو حق سبحانہ کے ذکر میں اپنے تئیں تو تیرا ذکر کامل ہو گیا

Marfat.com

واعلی الدرجات واتمها الفناء اعنی لایبقی
للسالک خبر عما سوی الله وکیفیة الذکر ان
یجعل اللسان ملتصقا بسقف الفم وتلصق
الشفة بالشفة والاسنان بالاسنان و
تحبس النفس وتشرع کلمة لامبتدئا بها
من السرة وتصعد بها الی جانب الدماغ ٭
فاذا وصلت الی الدماغ ملت بالہ الی
جانب الکتف الیمین آلا الله الی جانب
الیسار فرمیت بها علی القلب الصنوبری
بقوة بحیث یظهر اثرها وحرارتها فی سائر
الجسد وتمیل بمحمد رسول الله من
الیسار الی جانب الیمین ای تاتی بها
بینهما وتقول بعد ذلک بالقلب ایضا
الهی انت مقصودی ورضاک مطلوبی
یعنی من هذا الذکر مع توجه القلب علی
وجه یظهر اثرہ فی القلب ویتاثر منه و
یکون ذلک کله بحیث لایظهر علی ظاهرہ
حرکة ولایشعر به من کان یقربه و
تحبس نفسه بذکرہ مرة او ثلاثا مراعیا
للوتر وقال حضرة الخواجه قدس سرہ
فی معنی الکلمة الطیبة ان لا الٰه معناه
نفی الالهة الطبیعة والا الله
اثبات المعبود محمد رسول الله
معناه انک ادخلت نفسک
فی مقام فانبعونی یحببکم الله

اور اعلی اور اتم درجہ ذکر کا فنا ہے یعنی تیری
زبان کو خبر نہ رہے ماسوا اللہ کے اور کیفیت
ذکر کی یہ ہے کہ زبان کو تالو سے لگا لے اور
لب کو لب سے اور دانتوں کو دانتوں سے
اور حبس دم کرے اور شروع کرے کلمہ لفظ
لا کو ناف سے دماغ کی طرف لے جائے اور
جب دماغ کو پہنچے تو کہے الٰہ کو داہنے مونڈھے
کی طرف الا اللہ کو بائیں مونڈھے کی طرف پھر اوسے
قلب صنوبری پر مارے ایسے زور سے کہ اوسکا
اثر اور حرارت سارے جسم میں معلوم ہو
اور لفظ محمد رسول اللہ کو بائیں طرف سے داہنی
طرف کو یعنی اون کے درمیان اور اس کے
بعد دل سے یوں کہے الٰہی انت مقصودی و
رضاک مطلوبی یعنے اس ذکر سے تو ہی میرا مقصود
ہے اور تیری ہی رضا میرے مطلوب ہے قلب
کے توجہ سے ایسی طرح کہ دل میں اثر معلوم ہو
اور دل اوس سے متاثر ہو اور یہ سب اسطرح سے
ہو کہ ظاہر میں حرکت نہ معلوم ہو جو کوئی پاس
بیٹھا ہو وہ بھی نجانے اور حبس نفس کرے۔
ایک بار ذکر کرے یا تین بار طاق عدد کی رعایت
کرے اور حضرت خواجہ قدس سرہ نے
کلمہ طیبہ کے معنے یوں فرمائے ہیں لا الٰہ
نفی ہے الٰہوں کی طبیعت سے اور الا اللہ اثبات
ہے معبود کی محمد رسول اللہ اسکے معنے ہیں کہ
تو نے اپنے تئیں داخل کیا مقام فاتبعونی یحببکم اللہ میں

Marfat.com

(اختلاف در معنی کلمہ طیبہ و حضرات صوفیہ رحمۃ اللہ علیہم)

وبعض اکابر هذه السلسلة قال فی
معنی الکلمة الطیبة ان المبتدی یتصور
فی لا اله الا معبود والمتوسط یلاحظ
لا مقصود والمنتهی لا موجود الا الله
تکون ملاحظته وقال الاکابر ما لم ینته
السیر الی الله ویوضع القدم فی السیر فی الله
تکون ملاحظته لا موجود الا الله کفر او
قیل معناها لا متصرف فی الملک والملکوت
الا الله وینبغی الاجتهاد فی مداومة الذکر
لا تترک فی حال ولا وقت لا فی قیامک
ولا قعودک ولا فی حدیثک ولا
فی نومک وان حصل لک فی الذکر او
فی مجالسة الشیخ کیفیة فافرضها کالخط
المستقیم فان یخیل هذا المعنی وشغل
الخیال بامر واحد ممد للجمعة وقال
بعض الاکابر اذا تغیرت متغیرة
من بدنک بواسطة الخیال وتاثیره
ینبغی لک ان تتبع تلک الشعرة حتی
یحصل لک التعطیل کما قال بعض الاکابر
الشغل هو عدم الشغل وعدم الشغل
هو الشغل وقال المولی سعد الدین الکاشغری
رحمة الله علیه ان الشیخ عبد الکبیر الیمنی
سألنی وقال ما الذکر فقلت له لا
اله الا الله فقال ما هذا ذکر هذا
عبارت

اور اس سلسلہ کے بعضے بزرگون نے کہا ہے کہ
معنے کلمہ طیبہ کے یہ ہین کہ مبتدی تصور کرے
لا الہ یعنے لا معبود اور جو متوسط ہوں خیال
کرے لا مقصود اور منتہی سمجھے کہ لا موجود الا اللہ
کا ملاحظہ ہووے اور بزرگون نے کہا ہے کہ جب
منتہی ہو جائے سیر الی اللہ اور قدم رکھے بیچ سیر
فی اللہ کے اور ملاحظہ کرے لا موجود الا اللہ کا تو
یہ کفر ہے اور بعضون نے اوسکے معنے کہے ہین لا متصرف
فی الملک والملکوت الا اللہ اور ضرور مناسب ہے
کوشش کرنی ذکر کی مداومت کی کسی حال اور
کسی وقت نہ ترک کرے۔ کھڑے نہ بیٹھے نہ
باتین کرتے نہ سوتے اور جو ذکر مین یا شیخ
کی مجلس مین کچھ کیفیت حاصل ہو تو اوسکو فرضی
کرلے کہ جیسے ایک خط مستقیم . . . . .
اور جب یہ معنے خیال مین بندہ جاوین اور خیال
اسی ایک امر مین مشغول ہو جائی تو یہ جمعیت کے
واسطے بہت مدد کرتا ہے اور بعض بزرگون نے
کہا ہے کہ جب ایک بال بھی بدن سے متغیر
ہو جائی خیال کے واسطے سے اور اثر معلوم ہو تو
چاہیے کہ اوسکو چھوڑے نہین یہانتک کہ حاصل
ہو جائے تعطیل جیسے بعض بزرگون نے کہا ہے
کہ الشغل ہو عدم الشغل و عدم الشغل ہو الشغل
اور ملا سعد الدین کاشغری رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے
کہ شیخ عبد الکبیر یمنی نے مجھ سے پوچھا کہ ذکر کیا ہے
مین نے کہا لا الہ الا اللہ کہا یہ تو عبارت ہے ذکر

Marfat.com

فقلت له أفِدْ أنت فقال الذكر ان
تعلم انك لا تقدر على وجدانه و
قال السيد الطائفة الجنيد التصوف
هو ان تحبس ساعة متعطلة من ملاحظة
كل شيء وقال شيخ الاسلام في ملاحظة
ذلك يحصل الوجدان بغير تفتيش و
ورؤية بغير نظر و مقصود الطائفة
العلية الصوفية حصول مشاهدة
الحق كانك تراه وتلك الحضور يسمونها
مشاهدة تكون بالقلب واما الرؤية
فيكون بعين الراس والفرق بين
الرؤية والمشاهدة انك في الرؤية
لا تقدر ان تتعدى ها عن نفسك
وفي المشاهدة انت بالخيار

الطريقة الثانية للسادة النقشبندية
في سبب الوصول وحصول المعرفة وهي
اسهل الطرق واقربها التوجه والمراقبة
وهو ان ذلك المعنى المقدس الذي بغير
كيف ولا مثال المفهوم من الاسم المبارك
اعني الله بغير واسطة عبارة عربية
او عبرية او فارسية او غيرها تلاحظه
وتحفظه في خياله وتتوجه بجميع قواك
ومداركك الى القلب الصنوبري وتداوم
على هذا الامر وتتكلف في ملازمة

۱۲ ۱۲ ۱۲ ۱۲ ۱۲ ۱۲ ۱۲ ۱۲ ۱۲ ۱۲ ۱۲ ۱۲

نہین ہے۔ پہر مینے کہا آپ فرمائیے تو کہا ذکر
یہ ہے کہ تم جانو یہ کہ تم اوسکے وجدان پر قادر نہین
ہو اور سید الطائفہ جنید نے فرمایا ہے کہ تصوف
یہ ہے کہ ایکساعت معطل بیٹھے کل شئے کے ملاحظہ
سے اور شیخ الاسلام نے کہا ہے اسکے ملاحظہ
مین حاصل ہوتا ہے وصال بغیر جستجو کے اور
دیدار بے نظیر کے اور مقصود صوفیہ کے طریقہ علیہ کا
حصول ہے مشاہدہ حق کا کانک تراہ اور
اس حضور کا نام اونہون نے مشاہدہ بالقلب
رکھا ہے اور دیکہنا جو ہوتا ہے وہ سر کی
آنکہون سے ہوتا ہے اور فرق رویت اور
مشاہدہ مین یہ ہے کہ رویت مین قادر
نہین ہوتا کہ اوسے اپنے سے دور کرے
اور مشاہدہ مین اختیار ہے۔

دوسرا طریق حضرات نقشبندیہ کا
وصول کے سبب اور معرفت کے حصول مین
اور وہ بہت آسان اور بہت قریب ہے
سو وہ کیا ہے توجہ اور مراقبہ ہے اور وہ
یہ ہے کہ وہ معنے مقدس جو بغیر کیف اور انکے
مثال نہین مفہوم ہے اللہ کے نام مبارک کا
بیواسطہ عبارت عربیہ یا عبریہ یا فارسیہ
وغیرہ اوسکا لحاظ اور اوسکی حفاظت کرے
اپنے خیال مین اور متوجہ تمام قوتون اور مدرکون
سے قلب صنوبری کے طرف اور اس پر مداومت
کرے اور تکلف کرے اوسکے لازم کر لینے کو

(دوسرا طریق حضرات نقشبندیہ کا ... توجہ اور مراقبہ مین)

Marfat.com

حتی تذھب الکلفۃ من البین ویصیر
ھذا الامر کلہ ملکۃ لک وقال بعض
الاکابر من النقشبندیۃ ان المعنی
المقصود ان غشی علیک فتخیلہ بصورۃ
نور بسیط محیط بجمیع الموجودات العلمیۃ
والغیبیۃ واجعلہ فی مقابلۃ البصیرۃ
ومع حفظ ذلک تتوجہ الی القلب
الصنوبری بجمیع القوی و تدارک الی
ان تقوی البصیرۃ و تذھب الصورۃ
ویترتب علی ذلک ظھور المعنی المقصود
قال حضرۃ لخواجہ عبید اللہ الاحرار
ان المراقبۃ من المفاعلۃ فلابد من
التراقب من الجانبین مع ھذا الابد
المراقب ان یکون مراقبا لاطلاعہ علی
اطلاع الحق سبحانہ علی احوالہ و
یداومہ علی ذلک او یکون مراقبا
لاطلاعہ علی موجدہ بلا فتور
وتشتت خاطر۔
والطریق الاخر ان یکون مراقبا بقلب
الصنوبری ولا یترک الخواطر تحل
فیہ حتی تیسر لہ الربط بقلبہ الحقیقی
من غیر ملاحظۃ معنی المفاعلۃ و
طریق المراقبۃ اعلی من طریق النفی
والاثبات

یہانتک کہ کلفت درمیان سے جاتی رہے اور
اس امر کا ملکہ ہو جائے اور بعض بزرگوں
نے نقشبندیہ سے کہا ہے کہ معنے مقصود کے
یہ ہیں کہ بیخودی ہو جائے پھر خیال کرے اوسکو
ایک نور بسیط کے صورت میں جو احاطہ کئی
ہوئی ہے سب موجودات علمیہ وغیبیہ کو اور
اوسکو بصیرت کے مقابلہ کرے اور باوجود
اسکی حفاظت کے قلب صنوبری کی طرف متوجہ
ہو اپنے تمام قوات اور تدارک کرے اس
امر کا کہ بصیرت قوی ہو جائے اور صورت
جاتی رہے اور مترتب ہو اس امر پر ظہور معنے
مقصود کا حضرت خواجہ عبید اللہ احرار نے
فرمایا ہے کہ مراقبہ باب مفاعلہ ہے تو
ضرور ہی تراقب دونوں طرف سے تو پس متوجہ
کرنے والے کو ضرور چاہیے۔ یہ کہ ہو مراقب
اپنی اطلاع کا حق سبحانہ کے مطلع ہونے
اوسکے حال پر اور اس کی مداومت کرے اور
یا مراقب ہو اپنی اطلاع کا اپنے موجد پر
بلا فتور اور پریشان خاطری کے اور ایک
اور یہ طریق ہے کہ اپنے قلب صنوبری کا
مراقب ہو اور اوسمیں کوئی خطرہ نہ آنے دے
یہانتک کہ اوسکو اپنے قلب حقیقی سے ربط
آسان ہو جائے بدون ملاحظہ معنے مفاعلہ
کے اور مراقبہ کا طریق بہت اعلے ہے
نفی اثبات کے طریق سے اور بہت

Marfat.com

اقرب الی الجذبۃ الالٰھیہ من غیرھا
ومن طریق المراقبۃ یمکن الوصول الی الوزارۃ
والتصرف فی الملک والملکوت ویمکن بھا
الاشراف علی الخواطر والنظر الی الغیر
بنظر المھیبۃ والتنویر باطنہ ومن
ملکۃ المراقبۃ یحصل دوام الجمعیۃ و
دوام قبول القلوب وھذا المعنی یسمی
جمعا وقبولا الطریق الثالثۃ طریق
الرابطۃ بالشیخ الذی الطریق الثالثۃ
طریق الرابطۃ بالشیخ الذی وصل الی مقام
المشاھدۃ وتحقق بالتجلیات الذاتیۃ
فان رویتہ بمقتضی ھم الذین اذا رؤا
ذکر اللہ تفید فائدۃ الذکر وصحبتہ
بموجب ھم جلساء اللہ تنفع صحبۃ
المذکور واذا تیسر صحبۃ مثل ھذا
العزیز ورایت اثرہ فی نفسک فینبغی
لک ان تحفظ ذلک الاثر الذی شاھدتہ
فیک بقدر الامکان وان حصل لک
فی ذلک المعنی فتور اجر مصاحبتہ
حتی یرجع لک ببرکۃ ذلک الاثر و
ھکذا تفعل مرۃ بعد اخری حتی تصیر
تلک الکیفیۃ ملکۃ لک وان لم
تظھر من صحبۃ ذلک العزیز اثر
ولکن حصلت بہ محبۃ و
انجذاب

قریب ہے جذبہ الٰہیہ سے اور مراقبہ کے طریق
سے ممکن ہے وصول وزارت کا اور ملک و
ملکوت مین تصرف کا اور ممکن ہے معلوم
کرلینا لوگونکی دلکی باتون کا اور دوسرے
کیطرف بخشش کی نظر کرنیکا اور اوسکے باطن کو
منور کرنیکا اور مراقبہ کے ملکہ سے جمعیت دائمی
حاصل ہوتی ہے اور لوگونکے دلکا ہمیشہ مقبول ہونا
اور اسی بات کو کہتے ہین جمع وقبول۔ اور تیسرا طریق
رابطہ ہے اوس شیخ سے جو مشاہدہ کے مقام کو
پہنچا ہوا ہے اور تجلیات ذاتیہ سے متحقق
ہوا ہے اسواسطے کہ اوسکی رویت بموجب
اسکے کہ اذا راؤا ذکر اللہ ذکر کا فائدہ
دیتی ہے اور اوس کی صحبت بموجب اسکے
کہ ھم جلساء اللہ اوس صحبت مذکور کا
فائدہ دیتی ہے اور جب ایسے عزیز کی صحبت
میسر ہوجائے اور اپنے نفس مین اوسکا
اثر معلوم ہو تو چاہئے کہ اوسکی حفاظت کرے
جو اثر مشاہدہ کیا ہے جہانتک تجھسے ممکن ہو
اور جو اس مین فتور آجائے تو اوس شیخ کی
مصاحبت کی طرف رجوع ہو کہ پھر تجکو حاصل
ہو اوسکی برکت سے وہ اثر اور اسیطور
کیا کر تاکہ وہ کیفیت ملکہ ہوجائے اور جو اوس
عزیز کی صحبت سے یہہ اثر ظاہر نہو لیکن اوس
سے محبت اور انجذاب حاصل
ہو ❊ ❊ ❊ ❊ ❊ ❊ ❊ ❊ ❊ ❊

Marfat.com

فینبغی ان تحفظ صورته فی الخیال وتتوجه للقلب
الصنوبری حتی تحصل الغیبة والفناء عن النفس و
ان وقفت علی الترقی فینبغی ان تجعل صورة الشیخ
علی کتفك الایمن وتعتبر من کتفك الایمن
قلبك امرا ممتدا وتاتی بالشیخ علی ذلك الحال
الممتد وتجعله فی قلبك فانه یحصل بذلك
حضور الغیبة والفنا +

فصل ۳

فی الکلمات القدسیة المأثورة عن حضرة الخواجہ
عبد الخالق غجدوانی وهی احدی عشر کلمة
هی علی طریق السادة النقشبندیة علیها وهی هذه
یاد کرد - بازگشت - نگاهداشت
یادداشت - هوش در دم - سفر
در وطن - نظر برقدم - خلوت
در انجمن - وقوف قلبی وقوف
زمانی - وقوف عددی - وحیث
کان حضرت الخواجہ عبد الخالق راس
حلقة هذه الطائفة لزم بیان الفاظ
المصطلح علیها فلنشر حا مقتصدین
بین الاجمال والتفصیل وهذا انا اشرع
فی ذلك -
یاد کرد - وهو عبارة عن ذکر اللسان
او القلب یعنی کن دائما فی ذکر الذکر

(نقشبندیہ طریقہ کے بزرگوں کے ملفوظات پر مشتمل)

تو چاہیئے کہ اوسکی صورت خیال مین رکھے
اور قلب صنوبری کی طرف متوجہ ہو تاکہ
حاصل ہو غیبت اور فنا نفس سے اور اگر
وقفہ ہو جائے ترقی مین تو چاہیئے کہ صورت
شیخ کی اپنے داہنے مونڈھے کی طرف خیال کرے
اور اپنے قلب کو ایک امر ممتد اعتبار کرے
داہنے مونڈھے تک اور شیخ کو اس امر ممتد
کے ساتھ اپنے قلب مین لائے اور امید ہے
اس سے حضور غیبت اور فنا کے +

فصل ۳

حضرت خواجہ عبد الخالق غجدوانی کے کلمات
قدسیہ لوڑہ کے بیان مین - اور وہ گیارہ کلمے ہین
جو نقشبندیہ کے طریقہ کی بنا ہے سو وہ یہ ہین یاد کرد
بازگشت - نگاہداشت - یادداشت
ہوش در دم - سفر در وطن - نظر برقدم خلوت
در انجمن - وقوف قلبی - وقوف زمانی - وقوف
عددی - اور چونکہ حضرت خواجہ عبد الخالق اس
طریقہ کے سر حلقہ ہین تو اونکے الفاظ مصطلح کا بیان
ضرور ہے ہم اونکی شرح کرتے ہین اجمال و تفصیل کے
درمیان وہ یہ ہے -
یاد کرد - کہتے ہین ذکر زبان - یا ذکر قلب کو
یعنے ہمیشہ وہ ذکر کیا کرے -

Marfat.com

الذی استفدته من الشیخ الی ان
یحصل لک حضور الحق وطریقة
تعلیم الذکر ان الشیخ یذکر اولا
بقلبه الکلمة الطیبة والمرید یحضر قلبه
فی مقابلة قلب الشیخ ویفتح عینیه
ویطبق فمه کما مر بیانه قال حضرت
الخواجه بهاء الدین قدس سره:
ان المقصود من الذکر ان یکون
القلب دائما حاضرا مع الحق بوصف
المحبة والتعظیم لان الذکر
طرد الغفلة ؛

بازگشت - یعنی ان الذاکر کلما ذکر
بقلبه الکلمة الطیبة قال عقبها بذلک
اللسان الهی انت مقصودی
ورضاک مطلوبی یعنی من هذا
الذکر لان هذه الکلمة تفید نفی
کل خاطر عن ملیح وقبیح حتی یخلص الذکر
ویتفرغ السر عما سوی الخلق واذا
لم یجد الذاکر له اخلاصا فی هذا الکلام
قال علی سبیل التقلید من المرشد:
فانه یحصل له ببرکة ذلک الاخلاص
ان شاء الله تعالی ؛

نگاهداشت - وهو عبارة عن
مراقبة الخواطر یعنی اذا کرر الکلمة
فی نفسه یراعی ان لا یخطر بباله

جو شیخ نے بتایا ہے تاکہ حضور حق حاصل
ہو۔ اور طریقہ تعلیم ذکر کا یہ ہے کہ پہلے شیخ
آپ کلمہ طیبہ کا ذکر کرے اور مرید اپنے
قلب کو شیخ کے قلب کے مقابل کرے۔ اور
کھلی رکھی دونون آنکھین اپنی اور دہن بند
کرلے جیسے ہم پہلے بتا چکے ہین۔ حضرت خواجہ
بہاؤ الدین قدس سرہ نے فرمایا ہی کہ مقصد
ذکر سے یہ ہی کہ ہمیشہ قلب حاضر مع الحق ہو
محبت اور تعظیم کے ساتھ۔ اس لئے کہ ذکر غفلت
کو دفع کرتا ہے۔

بازگشت - یعنے ذاکر جب قلب سے ذکر کری
کلمہ طیبہ کا اوسکے بعد زبان سے کہے۔ الٰہی
انت مقصودی ورضاک مطلوبی۔ یعنے
اس ذکر سے الٰہی تو کی میرا مقصود ہی اور
تیری ہی رضا مطلوب ہے۔ اسواسطے
کہ یہ کلمہ فائدہ دیتا ہے ہر خطرہ اچھے اور
برے کی نفی کا تاکہ ذکر خالص ہو جای
اور سر فارغ ہو جاے ماسواے حق سے
اور جو ذاکر اخلاص نپائے اس کلام
مین تو مرشد کی تقلید کی رو سے کہے تو اس
کی برکت سے اخلاص ہو جائے گا
انشاء اللہ تعالے۔

نگاہداشت - اور یہ عبارت ہے خطرون کے
مراقبہ کا یعنے جب دل مین کلمہ کی تکرار کری تو
اسکی رعایت کری کہ کوئی خطرہ دل مین نہ آئے

Marfat.com

خاطر و یجتهد ان لا یخطر له خاطر
الغیر فی ساعة او ساعتین فان
ذلک مهم عند الاکابر و بعض کمل
الاولیاء احیانا یتم لهم هذا المعنی
یادداشت هو عبارة عن دوام
الحضور مع الحق سبحانه علی
سبیل الذوق و بعض الاکابر قال
فی شرح هذه الکلمات الاربع هکذا
یاد کرد یعنی تکلف فی الذکر بازگشت
یعنی رجع الی الحق سبحانه علی وجه
الانکسار نگاهداشت یعنی حافظ علی هذا
الرجوع یاد داشت یعنی رسخ سره هوش
در دم یعنی ان بناء الامر هذا الطریق
علی النفس فینبغی ان یجتهد علی حفظ با
للنفسین فی الطبیعیة حتی لا یدخل بغفلة
و لا یخرج بغفلة سفر در وطن یعنی ان سفر
السالک یکون فی الطبیعة البشریة یعنی
ینتقل من الصفات الذمیمة الی الصفات
الحمیدة کما قال بعض الاکابر ان
الشخص اذا انتقل الی محل لا
تفارقه الصفات الخبیثة ما لم تنتقل
عنه و قیل رؤیة الغیب فی الشهادة
نظر بر قدم یعنی ان السالک ینبغی ان
یکون نظره علی قدمه فی مشیته
فی البلد و الصحراء حتی لا یتفرق

اور اس مین کوشش کرے کہ اوس کے
دل مین کوئی خطرہ نہ آئے غیر کا ایک ساعت
یا دو ساعت کیونکہ یہہ امر بہت ضرور ہے
بزرگونکے نزدیک اور بعض کامل اولیا کو کبھی
کبھی یہ بات حاصل ہوتی ہے۔ یادداشت دم
حضور مع الحق کو بطریق ذوق کے اور بعض
بزرگون نے ان چار کلمون کی یون شرح کی
ہے۔ یاد کرد یعنے ذکر مین تکلف۔
بازگشت۔ یعنے اللہ سے رجوع از راہ عجز کے
نگاہداشت۔ یعنے اس رجوع کی حفاظت
یادداشت۔ یعنے سر کو راسخ کرے
ہوش در دم۔ یعنے اس طریقہ کی بنا
اس امر پر ہے اس کی حفاظت کرے
درمیان دونون نفسونکے کہ نہ غفلت سے
داخل ہو کوئی نفس نہ نکلے غفلت سے
کوئی سانس۔ سفر در وطن۔ یعنے سالک کا
سفر طبیعت بشریہ مین ہے یعنے بری صفتونکو
چھوڑ کر اچھی اختیار کرے جیسا کہ کہا ہے
بعضے بزرگون نے یعنے آدمی کسی مکان
کو جائے اوسکی صفتین بری اوسکے ساتھہ
ہوتی ہین جبتک اونسے نہ نقل کرے اور
بعضون نے کہا ہے کہ غیب کو دیکھے شہادت مین
نظر بر قدم۔ یعنے سالک کو چاہیئے کہ اوسکی
نظر قدم پر ہو شہر مین چلے پھرے یا جنگل مین
اسلئے کہ اوسکی نظر متفرق نہ ہو جائے اور جسے نہ دیکھنا چاہئے

Marfat.com

نظرہ و یبصر ما لا ینبغی فیتفرق علیہ قلبہ و یمکن ان یکون المراد بالنظر الی قدم ان یکون نظر السالک فی اول وھلۃ الی نہایۃ السلوک یعنے سالک حضرت الذات فقط کما قال فارس بن عیسے البغدادی سالت الحلاج فقلت لہ من المرید فقال ھو الرامی باول قصدہ الی اللہ فلا یعرج علے شیء حتے یصل و یحتمل ان یکون ھذا المعنے ھو الذی قالہ الشیخ رویم ادب المسافر ان لا یجاوز ھمتہ قدمہ **خلوت در انجمن** یعنے ینبغی للسالک ان یکون ظاھرہ مع الخلق و باطنہ مع الحق الیہ بالشغل و القلب بالحق و ما احسن ما قیل فی ذالک شعر فمن داخل کن صاحبا غیر غافل و من خارج خالط کبعض الاجانب قال اکابر الطریق ان فی ھذہ الطریقۃ الجمعیۃ فی الملاء و التفرقۃ فی الخلوۃ۔

وقوف زمانی یعنے محاسب

اوقات نفسک ھل مرت باعمال الخیر فتشکرا و باعمال الشر فتستغفر علی مراتبھم فان حسنات الابرار سیئات المقربین۔

وقوف عددی

ھو عبارۃ عن

اور نہ دیکھے اور اوسکا قلب متفرق ہوجائے اور یہہ بھی مراد ہو سکتی ہے کہ سالک کی نظر اول ہی مرتبہ سلوک کے نہایت پر ہو یعنے فقط حضرت ذات کی طرف جیسا فارس بن عیسے بغدادی کا قول ہے کہ مین نے حلاج سے سوال کیا تو مین نے کہا مرید کون ہے تو اونہون نے کہا ھو الرامی باول قصدہ الی اللہ فلا یعرج علے شیء حتی یصل۔ اور احتمال ہے کہ ہو مراد اس سے وہ معنے جو شیخ رویم نے فرمایا ہے۔ ادب المسافر ان لا یجاوز ھمتہ قدمہ یعنے مسافر کا ادب یہ ہے کہ اوسکی ہمت کا قدم پیچھے نہ پڑے۔ خلوت در انجمن یعنے سالک کو چاہیئے کہ بظاہر خلقت کیساتھ ہو اور باطن مین خالق کیساتھ ہاتھہ کام مین اور دل حق سے رجوع اور کیا خوب کہا اس معنی مین یہ شعر فمن داخل کن صاحبا غیر غافل و من خارج خالط کبعض الاجانب + بعض بزرگون نے کہا ہے کہ اس طریقہ مین کہ جمعیت ہے مجلس مین اور تفرقہ ہے خلوت مین۔

وقوف زمانی کہ اپنے اوقات کا حساب رکھے اگر اعمال خیر مین گزرے اوسکا شکر کرے اور جو اعمال بد مین گزرے استغفار کرے اپنے اپنے مرتبہ کے موافق کیونکہ ان حسنات الابرار سیئات المقربین یعنے نیکیان ابرار کی مقربین کے برائیان ہین

وقوف عددی۔ یعنے رعایت عدد کے

Marfat.com

رعایۃ العدد فی الذکر القلبی مع جمع الخواطر المتفرقۃ ٭

وقوف قلبی۔ ھو عبارۃ من الیقظۃ وحضور القلب مع جناب الحق سبحانہ علی وجہ لا یکون للقلب غرض غیر الحق وقالوا ایضا فی معناہ ان الذاکر ینبغی ان یکون واقفا علی قلبہ یعنی فی اثناء الذکر یتوجہ الی القلب الصنوبری الذی یقال لہ قلب مجازا وھو فی الجانب الایسر محاذیا للثدی ویجعلہ مشغولا بالذکر ولا یترکہ یغفل عن الذکر ولا مفھومہ وحضرت الخواجہ ونقشبند لم یجعل حبس النفس ولا رعایۃ العدد لازما فی الذکر واما وقوف القلبی فھو لازم عندہ فی اثناء الذکر والرابطۃ او غیرھما والمقصود من الذکر الوقوف القلبی وما احسن ما قیل فی ذلک **شعر**

علی بیض قلبات کن کانک طائر ٭
ممن ذلک الاحوال فیک تولد ٭

ذکر قلبی بین جمعیت کے ساتھ کہ متفرق خطرے نہ آئین۔

وقوف قلبی یعنی ہوشیاری اور حضور قلب کا اللہ جلشانہ کے ساتھ ایسی وجہ سے کہ قلب کو غیر حق سے کچھ غرض نہو اور یون بھی کہا ہے کہ ذاکر اپنے قلب سے واقف ہو یعنی ذکر کے وقت درمیان قلب صنوبری کی طرف متوجہ ہو جس کو مجازا قلب کہتے ہین وہ بائین طرف پستان کے مقابل اوسکو ذکر مین مشغول کرے۔ ذکر سے غافل نہونے دے اور اوسکے معنے سے اور حضرت خواجہ نقشبند نے حبس دم نہین لازم کیا اور نہ رعایت عدد کی ذکر مین لیکن وقوف قلبی اون کے نزدیک لازم ہے ذکر مین یا رابطہ وغیرہا مین مقصود ذکر سے وقوف قلبی ہے اور کیا اچھا کہا کسی نے یہ شعر اس معنے مین ٭

شعر

علی ابیض قلبات کن کانک طائر ٭
ممن ذلک الاحوال فیک تولد ٭

یعنے اپنے دل کے بیضہ پر رہ ایسا جیسا پرند۔ اس امر سے تجھ مین حال پیدا ہون گے

فصل

اذا وقع لک فی اثناء الذکر او الاشتغال تفرقۃ او وسوسۃ او قبض فینبغی

فصل

جب ذکر اور اشغال کے درمیان تفرقہ یا وسواس۔ یا قبض معلوم ہو تو چاہیئے

Marfat.com

ان تغتسل بالماء البارد وان لم تقدر
على ذلك لعدم مساعدة المزاج فبا
الحار وبعد ذلك تدخل الخلوة وتصلي
الركعتين ومع التضرع والاستكانة
تستغفر وتتوجه لحالك ووقتك
وان لم تجد وقتك واستمرت
التفرقة معك فاحضر في خيالك صورة
شيخك المربي لك فانه يرجى ببركته تبدل
التفرقة بالجمعية وان بقيت التفرقة
ايضا فقل يا فعال بالشد وان لم
يرتفع التفرقة بذلك فقل ان هذه
التفرقة منه تعالى وافق في ذلك المفرق
فيه فتصير في عين الجمع جنيد و
قل ان يبقى التفرقة مع هذه الملاحظة
وحيث كانت الخطرة متعلقة با
لاعمال كمثل الميل الى شرى فرس ونحوه
مما هو مباح شرعا فليبادر لفعله
او يخرجها من قلبه حتى تكون تلك
الخطرة له كعدو ويبذل جهده
في دفعه ونفي ثلثة خواطر لازمة على
المريد الخطرة النفسية والشيطانية
والملكية ويثبت الخاطر الحقاني و
معرفة الخواطر وتميزها عسير و
لتبينها بعض بيان فان حصول خاطر
النفس من ارض القلب يعني من تحت القلب و

کہ سرد پانی سے غسل کروالے اور جو ٹھنڈے
پانی پر قدرت نرکھے اپنے مزاج کے سبب تو
گرم پانی سے نہا ڈالے اسکے بعد خلوت مین
داخل ہو اور دو رکعتین پڑہی اور بہت گریہ و
زاری و عاجزی سے استغفار کرے اور اپنے
حال اور وقت کی طرف متوجہ ہو۔ اور جو
اپنا وقت نپائے اور دو ہی تفرقہ رہے تو
تصور باندہ اپنے شیخ کا اپنے خیال مین جو
تیرا مربی ہے۔ کیونکہ امید ہے کہ اوس کی
برکت سے تفرقہ جاتا رہے اور جمعیت حاصل ہو
اور جو اس پر بھی تفرقہ نجائی تو کہے یا فعال
تشدید کے ساتھ اور جو اس پہ تفرقہ نجائے تو
کہے کہ یہ تفرقہ خدا کی طرف سے ہے اوس سے
موافقت کری تو آپ عین جمعیت مین ہو جائے
اور ایسا بہت کم ہے کہ تفرقہ اس لحاظ سے بھی
رہے اور جو ایسا خطرہ آئے کہ متعلق اعمال
سے ہے جیسے رغبت گہوڑے خریدنے کی
یا اور کچہہ جو شرع مین مباح ہے تو وہ کام
کرے یا اوسے اپنے قلب سے نکال ڈالے
یہانتک کہ اوس خطرہ کو دشمن جانے۔ اور
کوشش کری اوسکو دفع کی اور تین خطرون کی نفی
کرنی مرید کو لازم ہے۔ خطرہ نفسیہ و خطرہ
شیطانیہ و خطرہ ملکیہ اور خطرہ حقایق کو قایم
رکہے اور خطرونکو پہچاننا اور تمیز کرنا بہت مشکل ہے
اور بعض بیان کرتے ہین کہ خطرہ نفسی ارض

(تین خطرون کی نفی مین جو مرید کو لازم ہی)

قلب سے پیدا ہوتا ہے یعنی قلب کے نیچے سے ۱۲

من یسار القلب و الذی من الملک یکون من یمین القلب و الذی من الحق یکون من فوق القلب وھذا بعض معرفۃ لمن یحلی بالتقوی و الزھد و الورع و اکل الحلال الطیب و کان دایما یراقب خواطرہ لا یترک خاطر یمر ببالہ و المقصود ان یکون راعیا لوقتہ فلیس شی اعز من الوقت فان الوقت سیف قاطع اذا فات الوقت لا یمکن حفظ الاوقات بالذکر و المراقبۃ و الصلوۃ و التلاوۃ و اکابر النقشبندیہ اختاروا من جملۃ وظیفۃ تلاوۃ القرآن فی اللیل الفاتحۃ و قل یا ایھا الکافرون و سورۃ الاخلاص و المعوذتین و خاتمۃ سورۃ الحشر و خاتمۃ سورۃ البقر و من جملۃ وظیفہ تلاوۃ القرآن فی النھار سورۃ یٰسٓ و قال حضرت الخواجہ علی الرامیتنی اذا التقت ثلاثۃ قلوب علی امر حصل مراد العبد المومن بذالک قلب القرآن و قلب العبد و قلب اللیل یعنی اذا قرات یٰسٓ التی ھی قلب القرآن فی التھجد حصل ذالک المعنی و من جملۃ وظائف صلوۃ النوافل التھجد و الاشراق و الاستخارۃ و الضحی و التھجد

اور خطرہ شیطانی قلب کے بائین طرف سے اور خطرہ ملکیہ قلب کے دائین طرف سے اور جو خطرہ حقانی ہوتا ہے وہ فوق قلب سے یعنے اوپر کی جانب سے ہوتا ہے اور اوسے وہ جان لیتا ہے جو صاحب تقوی اور زاہد اور پرہیزگار اور حلال طیب کھاتا ہو اور ہمیشہ خطروں کی نگہبانی کرتا ہو اپنے دلمین خطرہ کو آنے نہ دیتا ہو اور مقصود یہ ہے کہ وقت کی رعایت رکھے کیونکہ کوئی شے وقت سے زیادہ عزیز نہین ہے کیونکہ وقت سیف قاطع ہے جب وقت گیا تو پھر ہاتھ نہین آتا اور ممکن ہے اوقات ذکر اور مراقبہ اور نماز اور تلاوت قرآن شریف سے اور نقشبندیہ بزرگون نے سب وظیفون مین تلاوت قرآن شریف سے اختیار کیا ہے رات کو یٰسٓ الحمد اور قل یا ایہا الکافرون اور قل ہو اللہ اور قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس اور سورہ حشر کا خاتمہ اور سورہ بقر کا خاتمہ اور دن کا وظیفہ تلاوت قرآن شریف کا سورہ یٰسٓ اور حضرت خواجہ علی رامیتنی نے فرمایا ہے کہ جب تین قلب کسی مراد کے واسطے متفق ہو جائین تو وہ مومن بندہ کے مراد حاصل کرنے کو کافی ہین قلب بندہ کا اور قلب رات کا اور قلب قران مجید کا یعنے تہجد کی نماز مین سورہ یٰسٓ کو اخلاص دلی سے پڑہا مراد حاصل ہوئی اور نماز نوافل مین سے ایک تہجد اور نماز اشراق اور نماز استخارہ اور نماز چاشت اور تہجد کی

Marfat.com

اثنا عشر رکعة فان امکن قرا فی کل رکعة
لیس والا اتمها فی ثانی رکعات علی هذا
الترتیب فی الرکعة الاولی الی واجر کریم و
فی الرکعة الثانیة الی وهم مهتدون وفی الرکعة الثالثة الی
جمیع لدینا محضرون وفی الرکعة الرابعة الی فلک یسبحون وفی الخامسة
الی ولا الی اهلهم یرجعون وفی السادسة
الی هذا صراط مستقیم وفی السابعة
الی فهم لها مالکون وفی الثامنة الی آخر
السورة وفیما یقرأ فی کل رکعة بعد
الفاتحة سورة الاخلاص ثلاثا وان لم
یحفظ سورة یس یقرأ فی کل صلوته بعد
الفاتحة سورة الاخلاص ثلاثا ولا یصلی
المتهجد التهجد اقل من اربع رکعات
ووقت التهجد الثلث الاخر
کما قال الله تعالی قم اللیل الا
قلیلا نصفه او انقص منه قلیلا
او زد علیه وقال صاحب قوت
القلوب قال الله تعالی فتهجد به
نافلة لک وقال تعالی کانوا قلیلا
من اللیل ما یهجعون والهجوع
النوم والتهجد القیام فلا
یکون التهجد الا بعد النوم و
فی کتاب الشعبی لا یکون
التهجد الا بعد النوم والتهجد
صلوة النوم ❊ ❊ ❊

بارہ رکعتین ہین اگر ممکن ہو ہر رکعت مین
سورہ یٰسین پڑہے اور نہین تو سورہ
یٰسین کو آٹھ رکعتون مین اس
ترتیب سے پورا کرے کہ پہلے رکعت
مین واجر کریم تک اور دوسری
مین وہم مہتدون تک اور تیسری
مین جمیع لدینا محضرون تک اور چوتھی
مین فلک یسبحون تک اور پانچوین مین
وللی الیهم یرجعون تک اور چھٹی مین ہذا
صراط مستقیم تک اور ساتوین مین فہم لہا
مالکون تک اور آٹھوین مین سورہ کے
آخر تک اور باقی رکعتون مین سورہ فاتحہ کے بعد
سورہ اخلاص تین تین مرتبہ اور جو سورہ
یٰسین حفظ نہو تو سورہ فاتحہ کے بعد ساری
نماز مین تین تین بار سورہ اخلاص پڑہے اور
نماز تہجد چار رکعت سے کم نہ پڑہے اور تہجد کا
وقت اخیر تہائی رات ہے جیسا خدا تعالیٰ فرماتا ہے
قم اللیل الا قلیلا نصفه او انقص منه قلیلا
او زد علیه اور صاحب قوۃ القلوب نے کہا ہے
کہ خدا فرماتا ہے فتهجد به نافلة لک اور فرمایا ہے
کانوا قلیلا من اللیل ما یهجعون اور ہجوع نیند کو کہتے
ہین اور تہجد قیام کو تو تہجد جبتک سوئے نہین جائز
نہین اور کتاب مین شعبی کے ہے کہ تہجد نہین ہوتی
مگر بعد سونے کے اور تہجد صلوٰۃ
النوم ہے ❊ ❊ ❊ ❊ ❊ ❊ ❊ ❊ ❊

Marfat.com

وقد روی عن النبی صلی اللہ علیہ و آلہ و
سلم قم من اللیل قدر حلبۃ شاۃ واذا
صلی صلوۃ المذکورۃ جلس التشہد ھو وجہا
للقبلۃ الی الصبح ویشتغل فی توجھہ بمراقبۃ
او ذکرہ وان غلبت النوم نام لکنہ یقوم قبل
الصبح ویتوضا ثم یصلی سنۃ الصبح فی بیتہ
ویشتغل بالاستغفار بطریق الخفیۃ کما ھو
طریق ھذہ السلسلۃ ویذھب المسجد مستغفرا
فی طریقہ واذا صلی الصبح مع الجماعۃ جلس
فی موضعہ مشتغلا بوظیفۃ الباطنۃ ان وجد
الجمعیۃ والا اتی بیتہ واشتغل بوظیفتہ الی
ان تطلع الشمس وبعد ذلک یصلی رکعتین
بنیۃ الاشراق وقراتہ فی کل رکعۃ بعد
الفاتحۃ سورۃ الاخلاص ثلاثا ثم بعد
ذلک رکعتین بنیۃ الاستخارۃ ثم یدعو
بدعاء الاستخارۃ وھو ھذا اللھم
خیرلی واختر لی ولا تکلنی الی اختیاری اللھم
اجعل الخیرۃ فی کل قول وعمل اردہ
فی ھذہ الیوم واللیلۃ اللھم وفقنی
لما تحب وترضی من القول والعمل
فی عافیۃ ویسر واذا کان لہ بعد
ذلک مھم دنیوی کاسباب معیشۃ
توجہ الیہ مع الحضور والیقظۃ ویقرء
ھذا الدعاء اللھم کن وجھتی فی کل
وجھہ ومقصدی فی کل قصد وغایتی

اور روایت ہے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے
قم من اللیل قدر حلبۃ شاۃ ۔ اور جب نماز مذکور
پڑھے تو بیٹھے جلسہ التحیات کا قبلہ رو ہو کر
صبح تک اور مشغول رہے توجہ میں مراقبہ
میں یا ذکر میں اور جو نیند غلبہ کرے ۔ تو سوجائے
مگر صبح سے پہلے اوٹھ کھڑا ہو اور وضو کرے
اور سنتیں صبح کی نماز کی اپنے گھر میں
پڑھے اور مشغول ہو استغفار میں بطریق
خفیہ کے جیسا اس سلسلہ کا طریقہ ہے اور
مسجد کو استغفار پڑھتا ہوا جائے رستے میں
اور جب نماز صبح جماعت سے پڑھ چکے تو اپنے
